17/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

چندولی- بھٹ پورواریگولیٹر کی مرمت اور آرسی چینل وغیرہ کی تعمیر کیلئے 14.19 لاکھ روپئے جاری

لکھنؤ: ۱۷/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ ضلع چندولی کے چکیا بلاک میں بھٹ پورواریگولیٹر کی مرمت، گول مرمت اور آرسی چینل کے پروجیکٹ کے واسطے مجوزہ رقم 5000 لاکھ روپئے میں پروجیکٹ کے کاموں کیلئے 14.19 لاکھ روپئے جاری کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری آبپاشی جناب مشتاق احمد کی جانب سے 16 دسمبر 2021 کو سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس مکمل رقم کا ضابطہ کے مطابق صحیح استعمال رواں مالیاتی سال میں کرلیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی سبھی مالی ضوابط پر لازمی عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے کارروائی کی جائے۔ منظور رقم کا استعمال منظور کاموں پر ہی کی جائے۔ کسی قسم کی ڈپلی کیسی نہ ہو، اور پروجیکٹ میں کرائے جارہے کاموں پر معیار کی ذمہ داری متعلقہ چیف انجینئر کی ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی کرائے گئے کاموں کا متعلقہ چیف انجینئر کے ذریعہ مقامی معائنہ کرانسپیکشن رپورٹ اور تصویر غیرہ کی اطلاع آبپاشی اور آبی وسائل سیکشن -4 کو فراہم کرانی ہوگی۔

☆☆☆☆☆